# فرائض میں غفلت، 3 اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ جیل فارغ، متعدد اہلکاروں کو سزائیں

لاہور (اپنے نامہ نگار سے) آئی جی محکمہ جیل خانہ جات پنجاب میاں فاروق نذیر نے فرائض میں غفلت، لاپرواہی اور کرپشن میں ملوث متعدد ملازمین کو غفلت، کوتاہی اور غیر حاضری کی بنا پر سزائیں دی گئیں ہیں۔ اعجاز احمد، اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ بورسٹل جیل فیصل آباد، طارق علی اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل ٹوبہ ٹیک سنگھ، اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ سنٹرل جیل راولپنڈی آصف رضا کو نوکری سے برخاست کیا گیا۔ سرفراز، ہیڈ کلرک ڈسٹرکٹ جیل پاکپتن کو سالانہ ترقی بند کرنے کی سزا دی۔ اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ فیض بخش کی دو سال اور وارڈر ارشد کی ایک ایک سال سالانہ ترقی بند کر دی گئی۔ ثاقب علی اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا کو سنسور کی سزا سنائی ہے۔ محبوب عالم وارڈر سنٹرل جیل گوجرانوالہ کو نوکری سے برخاست کر دیا گیا